سوال

کیا کوئی ایسے صحابی تھے کہ جن کی داڑھی کے صرف ایک یا دو بال تھے اور انہوں نے وہ اکھیڑ دیئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے ناراض ہوئے۔ اور کہا کہ فرشتے اس داڑھی سے کھیلتے تھے؟

جواب

صحابی کی داڑھی کے دو بال السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا کوئی ایسے صحابی تھے کہ جن کی داڑھی کے صرف ایک یا دو بال تھے اور انہوں نے وہ اکھیڑ دیئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے ناراض ہوئے۔ اور کہا کہ فرشتے اس داڑھی سے کھیلتے تھے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس معنی کی ایک روایت تو ملی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ ولقد کان احد الصحابة لدیہ شعرتین فی لحیتہ فقط فکان کلما رآہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابتسم فیستغرب ذلک الصحابی رضی اللہ عنہ وعندہا ذہب ذلک الصحابی وحلق تلک الشعرتین فلما راہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم سألہ عن سبب حلقہا فقال ذلک الصحابی انی اراک یارسول اللہ کلما رایتنی ابتسمت اوفیما معنی الحدیث فقال صلی اللہ علیہ وسلم ان سبب الابتسام ہوانہ صلی اللہ علیہ وسلم یری مع کل شعرة ملک یحرسہا مگر کوشش کے باوجود اس کا حوالہ نہیں مل سکا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی محدث فتوی